سبق - 6

4205CH06

سَمجھ داری

وقار دوسری جماعت میں پڑھتا تھا۔ ایک دِن اس نے اپنے والِد سے بیس روپیے مانگے۔ اُس کے والِد نے پُوچھا، ''بیٹا! تم بیس روپیوں کا کیا کروگے؟''

وقار : ابّا مجھے اِن روپیوں کی ضرورت ہے۔ مجھے ایک کاپی، ایک پنسل، ایک رَبر اور ایک پنسل تراش خریدنا ہے۔

والِد : اچھّا ٹھیک ہے۔ میں کل تمھیں یہ سب چیزیں خرید کر دے دوں گا۔

وقار : ابّا! مجھے تو اِن چیزوں کی ابھی ضرورت ہے۔ مجھے اسکول کا کام کرنا ہے۔

والِد : لیکن بیٹا! کیا تم یہ سب چیزیں خود خرید لو گے؟ کیا تمھیں روپیوں کو جوڑنا اور گھٹانا آتا ہے؟

وقار : جی ہاں! مجھے روپیوں کو جوڑنا اور گھٹانا اچھّی طرح آتا ہے۔

والِد : (مسکرا کر) اچھّا! ذرا یہ تو بتاؤ کہ ان روپیوں سے تم یہ چیزیں کِس کِس طرح خریدو گے؟

وقار : اِن بیس روپیوں سے آٹھ روپیے کی ایک کاپی، دو روپیے کی پنسل، ایک روپیے کا ربر اور تین روپیے کا پنسل تراش خریدوں گا۔

والِد : بیٹا! اب جوڑ کر بتاؤ کہ کُل کتنے روپیے ہوئے؟

وقار : (سوچ کر) آٹھ روپیے کی کاپی، دو روپیے کی پنسل۔ یہ ہوئے دس روپیے۔ اب اِن دس روپیوں میں ایک روپیہ ربر کا جوڑا تو ہو گئے گیارہ

روپیے۔ اِن گیارہ روپیوں میں تین روپیے پنسل تراش کے جوڑے تو
کُل ہوئے چودہ روپیے۔

والِد : شاباش بیٹا! تم نے بالکل ٹھیک حساب لگایا ہے۔ اچھّا تو یہ بتاؤ کہ بیس روپیے میں سے تم نے چودہ روپیے کا سامان خرید لیا۔ اب تمھارے پاس کتنے روپیے باقی بچے؟

وقار : (اُنگلیوں پر گِنتے ہوئے) بیس روپیے میں سے چودہ روپیے گھٹائے تو چھے روپیے باقی بچے۔

والِد : (خوش ہوکر) تمھیں تو جوڑنا اور گھٹانا خوب آتا ہے۔ یہ لو بیس روپیے اور سبھی چیزیں خرید کر لے آؤ۔

مشق

پڑھیے اور سمجھیے۔

ہوشیار :	سمجھ دار
یقین :	بھروسہ

اِن سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. وقار کس جماعت میں پڑھتا تھا؟
2. وقار نے اپنے والِد سے کتنے روپیے مانگے تھے؟
3. وقار کو کیا کیا چیزیں خریدنی تھیں؟
4. سب چیزیں خریدنے کے بعد وقار کے پاس کتنے روپیے باقی بچے؟
5. بیٹے سے صحیح حساب سُن کر والِد نے کیا کہا؟

خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے۔

خوب — بیس — جماعت — اسکول — باقی

1. وقار دوسری _____ میں پڑھتا تھا۔
2. اس نے اپنے والد سے _____ روپیے مانگے۔
3. مجھے _____ کا کام کرنا ہے۔
4. اب تمھارے پاس کتنے روپیے _____ بچے۔
5. تمھیں تو جوڑنا اور گھٹانا _____ آتا ہے۔

حروف کو ملا کر لفظ بنائیے۔

.1	ب	ی	س				= ....
.2	ب	ے	ٹ	ا			= ....
.3	ا	س	ک	و	ل		= ....
.4	ض	ر	و	ر	ت		= ....
.5	ج	و	ڑ	ن	ا		= ....
.6	ہ	و	ش	ی	ا	ر	= ....

نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھیے۔

1. پنسل =
2. چیزیں =
3. گھٹانا =
4. شاباش =
5. سامان =

لفظوں کو دیکھ کر خالی خانوں میں صحیح حرف لکھیے۔

1. مُجھے	=	م		ے		
2. ٹھیک	=	ٹھ		ک		
3. والِد	=	و	ا		د	
4. بیٹا	=	ب		ٹ	ا	
5. اسکول	=	ا		ک	و	ل

نیچے لکھی باتیں کس نے کہیں؟ لکھیے۔

1. ”بیٹا تم بیس روپیوں کا کیا کروگے؟“ ______
2. ”ابّا مجھے ان روپیوں کی ضرورت ہے۔“ ______
3. ”میں کل تمھیں یہ سب چیزیں خرید کر دے دوں گا۔“ ______
4. ”مجھے اسکول کا کام کرنا ہے۔“ ______
5. ”اب جوڑ کر بتاؤ کہ کُل کتنے روپیے ہوئے؟“ ______

سبق کی مدد سے سامان کو ان کی قیمت سے ملایئے۔

سامان		قیمت
.1		ایک روپیہ
.2		تین روپیے
.3		دو روپیے
.4		آٹھ روپیے

لفظوں کو ہندسوں سے ملایئے۔

لفظ	ہندسہ
.1 بیس	100
.2 دس	3
.3 ایک	20
.4 سو	1
.5 تین	10

'الف' اور 'ب' کے حصّوں کو ملا کر جملے لکھیے۔

الف	ب
1. وقار دوسری جماعت	کام کرنا ہے۔
2. ابّا مجھے روپیوں	گھٹانا خوب آتا ہے۔
3. مُجھے اسکول کا	میں پڑھتا تھا۔
4. تمھیں تو جوڑنا اور	کتنے روپیے باقی بچے؟
5. اب تمھارے پاس	کی ضرورت ہے۔

جملہ:

1. ______________________

2. ______________________

3. ______________________

4. ______________________

5. ______________________

ہندسوں کو لفظوں میں لکھیے۔

ہندسہ		لفظ
1. 14	=	________
2. 6	=	________
3. 2	=	________
4. 4	=	________
5. 8	=	________
6. 11	=	________

نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف کی تعداد ان کے سامنے لکھیے۔

1. پنسل ______
2. ضرورت ______
3. جماعت ______
4. چیزیں ______
5. ہوشیار ______

جس طرح 'جماعت' سے 'جماعتیں' اور 'پنسل' سے 'پنسلیں' بنتا ہے۔ اِسی طرح نیچے دیے ہوئے لفظوں سے لفظ بنائیے۔

1. ضرورت = ________
2. چیز = ________
3. کتاب = ________
4. میز = ________
5. بات = ________

خوش خط لکھیے۔

جوڑنا	____	____	____	____	____
گھٹانا	____	____	____	____	____
خریدنا	____	____	____	____	____
بالکل	____	____	____	____	____
اُنگلی	____	____	____	____	____

اپنے ساتھیوں کے ساتھ اس سبق پر ایک ڈراما کیجیے۔